# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: ادبی اصطلاحات (9015) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- اصطلاح کی تعریف کریں نیز اصطلاح سازی کے اصول بیان کریں۔ (20)

سوال 2- درج ذیل شعری اصناف کی مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔ (20)

الف: واسوخت ب: پابند نظم ج: لمرک د: دوہا

سوال 3- اردو غزل کی درج ذیل اصطلاحات کی وضاحت کریں۔ (20)

الف: بلاغت ب: توارد ج: تشبیہ د: سہل ممتنع

سوال 4- محسنات شعری سے کیا مراد ہے؟ درج ذیل ادبی اصطلاحات کی وضاحت کریں۔ (20)

الف: تکرار الفاظ ب: ردیف وقافیہ ج: قول محال د: جدت ادا

سوال 5- درج ذیل نثری اصناف پر مختصر مگر جامع نوٹ تحریر کریں: (10x2=20)

i- انشائیہ ii- حکایت

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- معائب شعری سے کیا مراد ہے؟ غزل کی درج ذیل اصطلاحات کی تعریف و وضاحت کریں: (20)

الف: شترگربہ ب: تعقید ج: غرابت لفظی د: شکست ناروا

سوال 2- ادبی جدیدیت سے کیا مراد ہے نیز یورپی نشاۃ الثانیہ سے کیا مراد ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال 3- تھیوری اور ادبی تھیوری سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال 4- جدید تنقید کی درج ذیل اصطلاحات کی وضاحت کریں: (20)

الف: قاری اساس تنقید ب: عالم گیریت ج: تانیثیت د: بین المتونیت

سوال 5- مابعد جدیدیت سے کیا مراد ہے؟ تفصیلی مضمون قلم بند کریں۔ (20)